نامور صحافی عمران ریاض خان کو
فریضہ حج کی ادائیگی سے روک کر گرفتار کرنے کا معاملہ

- پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے مینڈیٹ چور سرکار کی جانب سے ملک میں جبر وفسطائیت کی بدتاریخ رقم کرنے کی شدید مذمت
- اخلاق، اقدار، آئین اور قانون کے احساس تک سے محروم مجرم سرکار وحشت کی تمام حدود پامال کررہی ہے
- ملک کو غیر اعلانیہ مارشل لاء میں جکڑ کر پاکستان کو تنقیدی آوازوں اور صحافیوں کیلئے جہنم زار میں تبدیل کردیا گیا ہے
- ملک کو جنگل بنانے والی مقتدر قوتیں آئین و قانون کی دھجیاں اڑانے کے بعد اب عدالتی احکامات کو بھی کھل کر ہوا میں اڑا رہے ہیں
- کھلی بدمعاشی کے ذریعے جس شریف آدمی کو چاہتے ہیں نشانۂ عتاب بناتے ہیں اور عدالتوں/ججز کے وجود کو غیر مؤثر کرنے کیلئے جھوٹے، جعلی اور شرمناک حد تک مضحکہ خیز الزامات تراشتے ہیں
- ملکی تاریخ میں آج صحافیوں کی سب سے بڑی تعداد جلاوطنی پر مجبور جبکہ جو ملک میں موجود ہیں وہ بدترین عدمِ تحفظ کے شکار ہیں
- عمران ریاض خان کی نہایت ظالمانہ گرفتاری عدالت کی کھلی توہین ہے، ذمہ داروں کے خلاف کارروائی عدالتی وقار کی بحالی کیلئے ناگزیر ہے
- ننگی بدمعاشی اور لاقانونیت کا سلسلہ روکنے کیلئے عدلیہ نے اپنے قدم مضبوط نہ کئے تو ملک مکمل تباہی کی بھینٹ چڑھ جائے گا
- عمران ریاض سمیت بے جا ریاستی عتاب کا نشانہ بننے والے ہر صحافی کے ساتھ کھڑے ہیں اور عدلیہ سے ان کے بنیادی حقوق کے تحفظ کا مطالبہ کرتے ہیں

ترجمان تحریک انصاف | منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ